محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



تعارف و تبصرہ کتب

• تبلیغی جماعت کے بزرگوں کے قیمتی خطبات ''بیانات اکابر''

مرتب: پروفیسر حافظ قاری بشیر حسین حامد ...... ضخامت: ۵۹۲ صفحات

ناشر: دار الکتاب A-6 یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

تبلیغی جماعت کے مساعی جمیلہ اطراف واکناف عالم میں کسی ذی شعور انسان سے مخفی نہیں اسکے اکابر کا ہمیشہ سے یہ طریقہ رہا کہ کسی قسم کی تشہیر کے بغیر دنیا کے ہر ہر گوشہ تک یہ دعوت حق پہنچائیں تصنع سے دوری اور اخلاص پر گامزن رہنا ہی اسکی کامیابی کے بنیادی اسباب ہیں تبلیغی بیانات میں بھی یہ اثر نمایاں نظر آتا ہے کہ جو چیز حق ہو اسے سیدھے سادھے الفاظ میں حاضرین کے سامنے بیان کردیا جائے زیر نظر ''مجموعہ بیانات'' اکابر پروفیسر حافظ بشیر حسین حامد کا مرتب کردہ ان تقاریر کا گلدستہ ہے جوانہوں نے تبلیغی سفر کے دوران مختلف دردمند حضرات سے سنکر یاداشتوں کی شکل محفوظ فرمایا جس میں تبلیغی جماعت کے امیر حاجی عبدالوہاب صاحب کے پرمعز اڑتالیس بیانات کے علاوہ مولانا زین العابدین، مولانا عبید اللہ، مولانا جمشید، مولانا سعید احمد خان، مولانا نذر الرحمان، مولانا احسان الحق، مولانا جمیل احمد، مولانا سعد، مولانا طارق جمیل اور مولانا احمد بہاولپوری جیسے مشاہیر پر درد مبلغین کے بیانات بھی محفوظ ہوگئے راہ حق کے متلاشیوں کیلئے یہ گنج گرانمایہ کی حیثیت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس فیض کو مزید عام کردے افسوس کہ ان دنوں تبلیغی جماعت کے بارے میں ہمارے حکومت کا رویہ افسوسناک ہے اس اللہ والی جماعت کا راستہ تو امریکہ، روس اور یورپ جیسے متعصب ملکوں نے بھی نہیں روکا تھا نہ جانے ہمارے ایوان اقتدار میں بیٹھنے والے حکمرانوں کے دماغ میں کونسی نمرودیت وفرعونیت جگہ پکڑ رہی ہے جسکے بدولت وہ حق سے دور ہی ہوتے جارہے ہیں فیالعجب یہ ذخیرہ اگر چشمہ تعصب اتارا جائے تو انکی آنکھیں کھولنے کیلئے بھی مفید ثابت ہوسکتا ہے (مبصر: مولانا عرفان الحق حقانی)

• مسواک کرنا سنت بھی اور صحت بھی .... مؤلف پیر گوہر الرحمٰن نقشبندی

زیر نظر تبصرہ کتاب ''مسواک کرنا سنت بھی اور صحت بھی'' مسواک کی دینی حیثیت کے علاوہ اسکی طبی افادیت سے بھی بحیثیت کرتی ہے اور مسواک کی افادیت کو اجاگر کرنے کیساتھ دنیاوی فوائد اور دیگر تمام پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہے ۔مذکورہ کتاب نقشبندی صاحب کی ایک زبردست کاوش ہے جس میں مسواک کے حوالے سے بہت سارے معلومات جمع کرکے قارئین تک پہنچانے کی سعی کی ہے ۔اللہ تعالیٰ موصوف کے اس کاوش کو قبولیت سے نوازے ۔صفحات ۵۶، قیمت ۱۰۰ روپے، ناشر الفرید اکیڈمی دارالعلوم اسلامیہ فریدیہ کانگڑہ شبقدر ضلع چارسدہ (مبصر: محمد اسلام حقانی)